**15.10.2024**
**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں اسلم بیگ
Music

.....................................................................

1۔ مہاراشٹر اسمبلی انتخابات کیلئے واحد مرحلے کے تحت پولنگ اگلے مہینے کی 20 تاریخ کو ہوگی۔ جھارکھنڈ میں ووٹ 13 اور 20 نومبر کو ڈالے جائیں گے۔ ووٹوں کی گنتی اگلے مہینے کی 23 تاریخ کو ہوگی۔
2۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے ملک میں ڈیجیٹل کنیکٹی ویٹی کی تعریف کی ہے۔ انھوں نے اِسے دُور اُفتادہ علاقوں تک کیلئے ایک وسیلہ قرار دیا۔
3۔ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر کل شنگھائی تعاون تنظیم کی سربراہ کانفرنس میں شرکت کیلئے اسلام آباد پہنچ گئے ہیں۔
4۔ بھارت نے ملک کی دفاعی صلاحیت میں اضافے کیلئے امریکہ سے 31 پریڈیٹر ڈرون حاصل کرنے کیلئے ایک سمجھوتے پر دستخط کئے ہیں۔
5۔ حکومت نے مصنوعی ذہانت AI کے شعبے میں مہارت کے تین مرکزوں کا اعلان کیا ہے جن میں صحت، زراعت اور شہروں کی پائیداری پر توجہ دی جائے گی۔
6۔ اور بیڈمنٹن میں PV سِندھو، Odense میں ڈنمارک اوپن کے خواتین کے سنگلز کے پری کوارٹر فائنلز میں پہنچ گئی ہیں۔

.....................................................................

(Music)
اب خبریں تفصیل سے

### *ECI Poll Schedule*

بھارت کے انتخابی کمیشن نے آج مہاراشٹر اور جھارکھنڈ اسمبلی انتخابات کی تاریخوں کا اعلان کر دیا ہے۔ مہاراشٹر میں اگلے مہینے کی 20 تاریخ کو ایک ہی مرحلے میں ووٹ ڈالے جائیں گے۔ جھارکھنڈ میں اگلے ماہ کی 13 اور 20 تاریخ کو دو مرحلوں میں پولنگ ہوگی۔ دونوں ریاستوں میں ووٹوں کی گنتی، اگلے ماہ کی 23 تاریخ کو ہوگی۔
نئی دلّی میں انتخابات کی تاریخوں کا اعلان کرتے ہوئے اعلیٰ انتخابی کمشنر راجیو کمار نے کہا کہ 288 ممبران والی مہاراشٹر اسمبلی کیلئے نوٹیفکیشن، اِس ماہ کی 22 تاریخ کو جاری کیا جائے گا اور امیدوار 29 اکتوبر تک اپنے کاغذاتِ

نامزدگی داخل کرسکیں گے۔

2100- Rajiv Kumar-CEC Mahrastra Poll

جھارکھنڈ میں پہلے مرحلے کی ووٹنگ کیلئے نوٹیفکیشن، اِس ماہ کی 18 تاریخ کو جاری کیا جائے گا اور امیدوار 25 اکتوبر تک اپنے کاغذات نامزدگی داخل کرسکیں گے۔ اعلیٰ انتخابی کمشنر نے اطلاع دی کہ ریاست میں پولنگ کے دوسرے مرحلے کیلئے اِس ماہ کی 22 تاریخ کو نوٹیفکیشن جاری کیا جائے گا اور 29 اکتوبر تک پرچے بھرے جاسکتے ہیں۔

2100- Rajiv Kumar Jharkhnad Poll

انتخابات کی تاریخوں کے اعلان کے ساتھ ہی دونوں ریاستوں میں ضابطہٗ اخلاق نافذ ہوگیا ہے۔ جناب کمار نے کہا کہ کمیشن آزادانہ اور منصفانہ اور ترغیبات سے پاک نیز تشدد سے پاک انتخابات کرانے کیلئے پُر عزم ہے۔

انھوں نے دونوں ریاستوں کے ووٹروں سے بھی اپیل کی کہ وہ جمہوریت کے اِس بڑے فیسٹول میں شرکت کیلئے بڑی تعداد میں اپنے گھروں سے ووٹنگ مراکز کی طرف آئیں۔انتخابی کمیشن نے کئی اسمبلی حلقوں کیلئے اور لوک سبھا کی دو سیٹوں کیلئے ضمنی انتخاب کا بھی اعلان کیا۔ مختلف ریاستوں کے 47 اسمبلی حلقوں اور کیرالہ کی Wayanad پارلیمانی سیٹ کیلئے اگلے ماہ کی 13 تاریخ کو ضمنی انتخابات ہوں گے۔اتراکھنڈ میں ایک اسمبلی سیٹ کیلئے اور مہاراشٹر میں نانڈیڑ لوک سبھا حلقے کیلئے ضمنی انتخابات 20 نومبر کو ہوں گے۔ x

## *Jharkhand Election*

جھارکھنڈ میں اسمبلی انتخابات کی تاریخوں کے اعلان کے بعد سیاسی سرگرمیاں تیز ہوگئی ہیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے............

VC- Krishan Kumar Lal

NDA اور آئی این ڈی آئی اتحاد، اپنے امیدواروں کی فہرستوں کو قطعی شکل دینے میں مصروف ہیں۔ BJP مرکزی انتخابی کمیٹی کی میٹنگ دلّی میں جاری ہے، جس میں جھارکھنڈ اسمبلی انتخابات کیلئے امیدواروں کے ناموں کا فیصلہ کیا جائے گا۔ NDA کی سیٹوں کی تقسیم سے متعلق فارمولے پر میٹنگ میں غور کیا جا رہا ہے۔ اِس مرتبہ بی جے پی، AJSU پارٹی، JDU اور LJP کے ساتھ انتخابات لڑے گی۔ دوسری طرف JMM، کانگریس، RJD اور CPM کے ساتھ انتخابات لڑے گی۔ JMM نے پارٹی صدر شیبو سورین اور ایگزیکیٹو صدر ہیمنت سورین کو اپنے اتحادیوں کے ساتھ سیٹوں کی تقسیم سے متعلق فارمولے پر فیصلہ لینے کا اختیار دیا ہے۔ اِدھر کانگریس نے اسمبلی انتخابات کیلئے تین مشاہد مقرر کیے ہیں۔

کرشن کمار لال کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں فیصل حبیب

## *J&J Secyrity*

جموں و کشمیر میں مرکز کے زیر انتظام علاقے کے وزیر اعلیٰ کے طور پر نیشنل کانفرنس کے لیڈر عمر عبد اللہ کی حلف برداری کی تقریب کیلئے تمام انتظامات مکمل کرلئے گئے ہیں۔ یہ تقریب، کل سرینگر میں ہوگی۔ ہمارے نامہ نگار

کے مطابق لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا، عمرعبد اللہ اور ان کی کونسل کے وزیروں کو کل صبح سارھے گیارہ بجے عہدے کا حلف دلائیں گے۔x

### PM ITU Wasa IMC

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج ملک میں ڈیجیٹل کنیکٹی ویٹی کی، دُور اُفتادہ علاقوں تک کیلئے، ایک موثر وسیلے کے طور پر ستائش کی ہے۔ انھوں نے کہا کہ اکیسویں صدی میں بھارت کا موبائل اور ٹیلی کوم سفر، پوری دنیا کیلئے ایک مطالعے کا موضوع ہے۔ جناب مودی آج نئی دلّی میں بھارت منڈپم میں ٹیلی کمیونی کیشن کی بین الاقوامی یونین ITU اور ٹیلی کمیونی کیشن کے معیارات طے کرنے والی عالمی اسمبلی WTSA 2024 کا افتتاح کرنے کے بعد اظہارِ خیال کر رہے تھے۔وزیر اعظم نے کہا کہ موبائل اور ٹیلی کوم، دنیا بھر میں ایک سہولت کے طور پر دیکھے جاتے ہیں، جبکہ بھارت میں ٹیلی کوم، محض کوئی کنیکٹی ویٹی کا وسیلہ نہیں بلکہ یہ مساوات اور موقعوں کا ایک وسیلہ ہے۔

S/B 2100 PM Digital Time

وزیر اعظم مودی نے اِس موقع پر آٹھوِیں انڈیا موبائل کانگریس 2024 کا بھی افتتاح کیا۔ اِس چار روزہ عالمی تقریب میں 190 سے زیادہ ملکوں کے، تین ہزار سے زیادہ سرکردہ صنعتکار، پالیسی ساز اور تکنیکی ماہرین شرکت کریں گے۔ اِس تقریب میں 120 ملکوں سے تعلق رکھنے والے چار ہزار نمائش کار حصہ لیں گے اور تقریباً 900 اسٹارٹ اَپس کو نمایاں کیا جائے گا۔x

### PM Abhidhamma Divas

وزیر اعظم نریندر مودی اِس مہینے کی 17 تاریخ کو Abhidhamma دِوَس اور پالی زبان کو ایک کلاسیکی زبان کے طور پر تسلیم کئے جانے کی تقریبات میں شرکت کریں گے۔ بین الاقوامی بُدھسٹ کنفیڈریشن، ثقافت کی وزارت کے ساتھ ملکر، بین الاقوامی Abhidhamma دِوَس منا رہی ہے۔ وزیراعظم، Abhidhamma دِوَس اور پالی زبان کی اہمیت نیز بُدھ دھمّ کی مالامال وراثت کے تحفظ اور فروغ کی، حکومت کی کوششوں کی اہمیت پر اپنے گہرے خیالات کا اظہار کریں گے۔x

### PM Maritime Heritage Complex

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ گجرات میں لوتھل کے مقام پر سمندری وراثت کا ایک قومی کمپلیکس قائم کئے جانے سے، ثقافت اور سیاحت کے شعبوں میں نئے موقعے پیدا ہوں گے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعظم نے کہا کہ حال ہی میں مرکزی کابینہ نے، لوتھل میں یہ کمپلیکس تیار کرنے کا ایک بہت ہی دلچسپ فیصلہ کیا تھا۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ بھارت نے ثقافت وسیاحت کے شعبوں میں مزید حصے داری کو مدعو کیا ہے۔x

## Prez Visit

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کو الجیریا کی راجدھانی Algiers میں آج Sidi Abdellah سائنس اینڈ ٹیکنالوجی Pole یونیورسٹی کی جانب سے پولیٹیکل سائنس میں اعزازی ڈاکٹریٹ کی ڈگری دی گئی۔ الجیریا کے اعلیٰ تعلیم اور سائنسی تحقیق کے وزیر Kamal Baddari نے صدر جمہوریہ کو ڈاکٹریٹ کی ڈگری تفویض کی۔ صدر مرمو نے اِس موقع پر کہا کہ ڈاکٹریٹ، اُن کے ملک کیلئے ایک اعزاز ہے، جو ہمیشہ ہمیشہ سے امن اور خوشحالی کو اولیت دیتا رہا ہے۔

2100- President

اس سے قبل دن میں صدر جمہوریہ نے آنجہانی صدر APJ عبد الکلام کی تصویر پر اُن کی سالگرہ کے موقع پر پھول نذر کیے۔ اپنے تین ملکوں کے دورے کے دوسرے مرحلے کے تحت صدر جمہوریہ، کل Mauritania کیلئے روانہ ہوں گی۔x

## OM Birla Geneva

لوک سبھا اسپیکر اوم برلا نے کہا ہے کہ بیرون ملک آباد بھارتی برادری رنگا رنگی اور سب کی شمولیت کی اقدار سے پہچانی جاتی ہے۔ جناب برلا، کل جینوا میں بھارتی برادری سے خطاب کر رہے تھے۔ لوک سبھا اسپیکر نے بھارتی برادری کی تعریف و تحسین کی اور ملک کے سب سے مضبوط برانڈ ایمبیسڈر کے طور پر اُن کی صلاحیتوں کا اعتراف کیا۔ جناب برلا نے عالمی چیلنجز سے مقابلہ کرنے میں بھارت کی مضبوط قیادت اور اِس کے شہریوں اور بیرون ملک مقیم بھارتی آبادی کی قوت، دونوں ہی کو اِس اعتماد کی وجہ قرار دیتے ہوئے، بھارت کی قیادت کی صلاحیتوں کو اجاگر کیا۔ لوک سبھا اسپیکر جینوا میں 149 ویں بین پارلیمانی یونین کیلئے بھارت کے ایک پارلیمانی وفد کی سربراہی کر رہے ہیں۔

## Jaishankar SCO

وزیر خارجہ ایس جے شنکر، SCO سربراہ کانفرنس میں شرکت کیلئے پاکستان کے دو روزہ دورے پر آج دوپہر اسلام آباد پہنچ گئے۔ سربراہانِ حکومت کی کونسل CHG کے تحت شنگھائی تعاون تنظیم SCO کی 23ویں میٹنگ کل پاکستان کی صدر نشینی میں منعقد ہوگی۔ سربراہان حکومت کی SCO کونسل کی میٹنگ ہر سال منعقد ہوتی ہے جس میں تنظیم کے تجارتی اور اقتصادی ایجنڈے پر توجہ مرکوز کی جاتی ہے۔ وزیر خارجہ نے اِس سے پہلے خاص طور پر کہا تھا کہ پاکستان کا اُن کا دورہ ایک کثیر ملکی دورہ ہے۔ انھوں نے دوطرفہ بات چیت سے انکار کیا تھا۔x

## Jaishankar Australia

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج نئی دلّی میں امیگریشن کیلئے آسٹریلیا کے معاون وزیر Matt Thistle Hwaite سے ملاقات کی۔ ان دونوں نے نقل مکانی کے ساتھ ساتھ مہارت اور پیشہ ورانہ تربیت پر بھی تبادلۂ خیال کیا۔ ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ ان شعبوں میں بھارت- آسٹریلیا کی شراکت داری، دونوں ملکوں کے باہمی مفاد کیلئے بہت اہم ہے۔ x

## Sitharaman US India Forum

مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے آج، یہ کہتے ہوئے امریکہ-بھارت دفاعی شراکتداری فورم کے رول کو اجاگر کیا ہے کہ اِس سے بھارت میں صنعت اور سرمایہ کاری کی ترقی کو رفتار مل سکتی ہے۔محترمہ سیتا رمن نے آج نئی دلّی میں اِس فورم کے ارکان سے بات چیت کی۔میٹنگ کے دوران، محترمہ سیتا رمن نے بھارت کی تیزرفتار اقتصادی ترقی، نوجوانوں کے اہم رول اور بیمہ ہاؤسنگ اور قابل تجدید توانائی کے شعبوں میں سرمایہ کاری کے بڑھتے ہوئے امکانات کو اجاگر کیا۔x

## Murugan iGOT

اطلاعات ونشریات کے وزیرمملکت ڈاکٹر ایل مروگن نے وزارت کو ہدایت دی ہے کہ وہ، وزارت میں سبھی ملازمین کیلئے، آن لائن تدریس کے مقصد سے ایک iGOT لیب قائم کرے۔ یہ قدم وزارت کی، صلاحیت سازی سے متعلق سالانہ پروگرام اور iGOT پورٹل پر ملازمین کے اندراج کی صورتحال کا جامع طور پر جائزہ لئے جانے کے بعد اٹھایا گیا ہے۔ اطلاعات ونشریات کے سکریٹری سنجے جاجو اور دیگر سینئر افسران کے ساتھ اپنی اِس میٹنگ کے دوران ڈاکٹر مروگن نے ہدایت دی کہ وزارت کے سبھی ملازمین کو 19 اکتوبر تک iGOT پورٹل پر آجانا چاہئے۔

وزارت نے 16 نصابات کے انتخاب کی سفارش کی ہے جس میں بجٹ مینجمنٹ، صنف کے بارے میں حساسیت پیدا کرنے، قیادت اور ٹیم بلڈنگ بھی شامل ہے تاکہ اس کی افرادی قوت کی پیشہ ورانہ ہنرمندی میں اضافہ کیا جاسکے۔x

## FM Radio E Auction

حکومت نے پرائیویٹ ایف ایم ریڈیو کے تیسرے مرحلے کے چینلوں کے تیسرے Batch کی، ای-نیلامی کیلئے بولی لگانے والوں سے درخواستیں طلب کرنے کیلئے ایک نوٹس جاری کیا ہے۔ جس کا مقصد بھارت کے 234 ایسے شہروں میں 730 پرائیویٹ ریڈیو چینلز شروع کرنا ہے جن میں یہ چینلز ابھی تک نہیں ہیں۔

اطلاعات ونشریات کی وزارت نے ایک بیان میں کہا کہ اِن شہروں میں ایف ایم چینلوں کی، سالانہ لائسنس فیس، GST کو چھوڑ کر مجموعی محصول کا چار فیصد لی جائے۔

اِن شہروں میں چینلوں کی نیلامی کیلئے ریزرو پرائس، ٹرائی کے سفارش کردہ 2022 کے پرائس کے مطابق ہے۔ درخواست داخل کرنے کی آخری تاریخ 18 نومبر ہے۔

مکمل نوٹس اور ایف ایم کے تیسرے مرحلے کی پالیسی سے متعلق رہنما خطوط، وزارت اطلاعات ونشریات کی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔x

## India US Drone

ملک کی دفاعی صلاحیتوں کو فروغ دینے کے سلسلے میں بھارت اور امریکہ نے 31 MQ-9B Predator

ڈرون طیاروں کی خریداری کیلئے ایک سمجھوتے پر دستخط کئے ہیں۔ اِس سودے کا مقصد ملک کی فوجی کارروائیوں کیلئے تیار رہنا اور فوجی طاقت میں اضافہ کرنا ہے، جس میں فوج کی تینوں شاخوں کیلئے MQ-9B Sky Guardian اور Sea Guardian ڈرون طیاروں کی خریداری بھی شامل ہے۔اِس معاہدے پر دستخط دفاع کی وزارت اور امریکی حکومت نے آج نئی دلّی میں کئے۔x

## India Colombia MoU

بھارت اور کولمبیا نے آج نئی دلّی میں آڈیو ویژول مشترکہ پروڈکشن کے سلسلے میں ایک مفاہمت نامے پر دستخط کیے ہیں۔ اطلاعات و نشریات کے وزیرمملکت ڈاکٹر ایل Murugan نے کولمبیا کے بیرون ملک امور کے نائب وزیر Jorge Rojas Rodriguez کے ساتھ اِس معاہدے پر دستخط کیے۔ ہمارے نمائندے نے رپورٹ دی ہے کہ اس مفاہمت نامے سے بھارت اور کولمبیا کے فلم سازوں کے درمیان شراکت داری کو فروغ ملے گا، مشترکہ پروڈکشنز میں اضافہ ہوگا اور ثقافتی تعلقات کو استحکام ملے گا۔

VC- Suparna Saikia

آج طے پائے مفاہمت نامے سے بھارت اور کولمبیا کے فلم ساز، فلمسازی کے مختلف پہلوؤں پر شراکت داری کی غرض سے ایک پلیٹ فارم کا استعمال کرسکیں گے۔ کولمبیا 17 واں ملک ہے، جس نے بھارت کے ساتھ آڈیو ویژول کو-پروڈکشن معاہدے پر دستخط کیے ہیں۔ اس معاہدے سے دونوں ملکوں کے فلم سازوں کو اُن کے تخلیقی، فنکارانہ، تکنیکی اور مارکیٹنگ وسائل کیلئے شراکت کرنے کا موقع ملے گا۔ اس سے دونوں ملکوں کے عوام کے درمیان آرٹ اور ثقافت کے تبادلے کی راہ ہموار ہوگی اور خیر سگالی کا ایک ماحول قائم ہوسکے گا۔ اِس معاہدے سے بھارت کی Soft Power کو تشکیل دینے اور اِس کا مظاہرہ کرنے کا بھی ایک موقع ملے گا۔

سپرنا سائیکا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں آسیہ میمونہ

## Pradhan CoE

مرکزی وزیرتعلیم دھرمیندر پردھان نے نئی دلّی میں آج صحت، زراعت اور پائیدار شہروں پر توجہ مرکوز کرنے والے مصنوعی ذہانت کے تین Excellence مراکز AI-COE کا اعلان کیا۔ جناب پردھان نے کہا کہ یہ مراکز، تحقیق، اختراعات اور معیشت کو فروغ دینے اور عوامی بہبود کو یقینی بنانے میں اہم رول ادا کریں گے۔ مصنوعی ذہانت کے اِن تین COEs کی قیادت، اعلیٰ تعلیمی ادارے کریں گے، جس میں صنعت شراکت داروں اور اسٹارٹ اپس کا تعاون شامل ہوگا۔ یہ مراکز دلّی کے ایمس، IIT Ropar اور IIT کانپور میں قائم کیے جائیں گے۔ دلّی کے ایمس میں قائم مرکز، IIT دلّی کے ساتھ صحت کے شعبے میں کام کرے گا۔ IIT Ropar میں قائم مرکز، زراعت کے شعبے میں اور IIT کانپور، پائیدار شہر کے سلسلے میں کام کرے گا۔ جناب پردھان نے کہا کہ سنگ میل کی حیثیت رکھنے والا یہ فیصلہ، مصنوعی ذہانت میں ملک کی پوزیشن کو مستحکم کرے گا۔

2100- Dharmendra Pradhan

### Denmark Open Badminton

ڈنمارک اوپن 2024 بیڈمنٹن ٹورنامنٹ کے خواتین کے سنگلز میں دو مرتبہ اولمپک تمغہ جیتنے والی پی وی سندھو، آج شام پری کوارٹر فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔ ٹورنامنٹ کے اپنے پہلے میچ میں انہوں نے Odense میں Arena Fyn کے مقام پر چینی تائپی کی Pai Yu Po کو شکست دی۔ سندھو نے یہ میچ اکیس-آٹھ، تیرہ- سات سے جیت لیا کیونکہ دوسرے گیم میں Pai Yu نے گیم چھوڑنے کا فیصلہ کیا اور وہ گیم سے الگ ہوگئیں۔ x

### Home Ministry Manipur

منی پور اسمبلی کے منتخب ممبران کے ایک گروپ نے آج نئی دلّی میں ریاست کی موجودہ صورتحال پر تبادلۂ خیال کیلئے ملاقات کی۔ اِس گروپ کی نمائندگی Kuki-Zo-Hmar، Meitei اور ناگا برادری نے کی۔ ایک بیان میں وزارت داخلہ نے کہا کہ میٹنگ میں اتفاق رائے سے یہ قرار داد منظور کی گئی کہ سبھی برادریوں سے تعلق رکھنے والے ریاست کے عوام سے اپیل کی جائے کہ وہ تشدد کا راستہ ترک کردیں تاکہ معصوم شہریوں کی مزید جانیں تلف نہ ہوں۔

☆☆☆☆☆☆☆☆